SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

April 1, 2021

## ایس ای سی پی کا پرائیویٹ ایکویٹی اور وینچر کیپٹل میں اصلاحات پر آن لائن سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (اپریل 1) پاکستان میں چھوٹے کاروبار اور سٹارٹ اپس کے لیے سازگار ماحول اور سرمائے کی فراہمی کے حوالے سے دستیاب مواقع کے بارے میں آگہی فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی کے انوویشن آفس اور نیشنل انکیوبیشن سینٹر کے اشتراک سے 'کیپٹل مارکیٹ اور پرائیوٹ ایکویٹی میں سرمایہ کاری' کے عنوان سے ایک ویبنار منعقد کیا گیا۔

ویبنار میں ایس ای سی پی کی جانب سے پرائیویٹ فنڈز کے شعبہ کے فروغ کے لیے متعارف کروائی گئی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر بات کی گئی۔ پرائیویٹ فنڈز کے ذریعہ ایس ایم ایز کے کاروبار ے لئے سرمائے کی دستیابی کو ممکن بنایا جاسکتا ہے جس سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو فروغ ملتا ہے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔

ایس ای سی پی کے افسران نے دوسرے ریگولیٹرز کے ساتھ ہم آہنگی کے ذریعے ریگولیٹری فریم ورک کے اطلاق، حال ہی میں کی جانے والی اصلاحات اور کامیابیوں کا ایک جامع جائزہ فراہم کیا۔ انہوں نے مجموعی طور پر پرائیویٹ ایکویٹی اور وینچر کیپٹل (پی ای اینڈ وی سی) کی بہتری کے لئے کئے گئے اقدامات پر بھی روشنی ڈالی۔ ویبنار کے اختتام پر، ایس ای سی پی نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دئے۔ شرکاء نے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا اور سٹیک ہولڈرز کی رہنمائی کے لئے ایسے آگہی ویبنار تسلسل کے ساتھ منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005